SCAN TO VERIFY
LAW DEPARTMENT
GOVERNMENT OF SINDH
www.sindhlaws.gov.pk

سندھ ایکٹ نمبر XIX مجریہ 2021

SINDHACT NO.XIX OF 2021

سندھ ایمپلائیز سوشل سیکورٹی (ترمیم) ایکٹ، 2021

THE SINDH EMPLOYEES SOCIAL SECURITY (AMENDMENT) ACT, 2021

فہرست(CONTENTS)

تمہید (Preamble)

دفعات (Sections)

1۔ مختصر عنوان اور شروعات

Short title and commencement

2۔ 2016 کے سندھ ایکٹ نمبر VI کی دفعہ 2 کی ترمیم

Amendment of Section 2 of Sindh Act No.VI of 2016

3۔ 2016 کے سندھ ایکٹ نمبر VI میں دفعہ 20-A کی شمولیت

Insertion of Section 20_A in Sindh Act No.VI of 2016

سندھ ایکٹ نمبر XIX مجریہ 2021

SINDHACT NO.XIX OF 2021

سندھ ایمپلائیز سوشل سیکورٹی (ترمیم) ایکٹ، 2021

THE SINDH EMPLOYEES SOCIAL SECURITY (AMENDMENT) ACT, 2021

[4اگست 2021]

ایکٹ جس کے ذریعے سندھ ایمپلائیز سوشل سیکورٹی ایکٹ، 2016 میں ترمیم کی جائے گی۔

تمہید (Preamble)

جیسا کہ سندھ ایمپلائیز سوشل سیکورٹی ایکٹ، 2016 میں ترمیم کرنا ضروری ہو گیا ہے، جو کہ اس طرح سے ہو گی؛

اس کو اس طرح سے عمل میں لایا جائے گا:

مختصر عنوان اور شروعات
Short title and commencement

1۔(1) اس ایکٹ کو سندھ ایمپلائیز سوشل سیکورٹی (ترمیم) ایکٹ، 2021 کہا جائے گا۔

(2) یہ فی الفور نافذ العمل ہو گا۔

2016 کے سندھ ایکٹ نمبر VI کی دفعہ 2 کی ترمیم
Amendment of Section 2 of

2۔سندھ ایمپلائیز سوشل سیکورٹی ایکٹ، 2016 میں، جس کو اس کے بعد مذکورہ ایکٹ کہا جائے گا، اس کی دفعہ 2 میں:

(i) ذیلی دفعہ (9) میں، الفاظ "بیان کردہ یا عائد کردہ" کے بعد الفاظ

Sindh Act No.VI of2016	"سیلف ایمپلائیڈورکر" شامل کیئے جائیں گے؛ (ii)ذیلی دفعہ (27) کے بعد نئی ذیلی دفعات شامل کی جائیں گی: "(27-A) "سیلف ایمپلائیڈ ورکر" سے مراد وہ شخص جو خود کو کسی کام میں مصروف رکھتا ہے، مثلاًڈیلی ویجزمزدور، تعمیراتی مزدور، گھریلو مزدور، ٹرانسپورٹ مزدور، فشریز مزدور، زرعی مزدور، سیزنل مزدور اور وہ مزدور جسے سندھ دکان اور کمرشل اسٹیبلشمنٹ ایکٹ، 2015 (2016 کے سندھ ایکٹ نمبر XII) کے تحت ملازمت پر رکھا گیاہو؛ (27-B) "سمارٹ کارڈ" سے مراد نیشنل ڈیٹا بیس اینڈ رجسٹریشن اتھارٹی (نادرا) کی طرف سے بینظیر مزدور کارڈ تمام سکیورڈ ورکرز کو سوشل سکیورٹی اسکیم کے تحت سوشل سکیورٹی سے ملنے والے فوائد کے مقصد کے لیئے دیاجائے گا۔"۔
2016 کے سندھ ایکٹ نمبر VI میں دفعہ 20-A کی شمولیت Insertion of Section 20_A in Sindh Act No.VI of2016	3۔مذکورہ ایکٹ میں، دفعہ 20 کے بعد درج ذیل نئی دفعہ شامل کی جائے گی: 20-A۔ سیلف ایمپلائیڈورکرز کی طرف سے کنٹری بیوشن۔جب تک کچھ اس ایکٹ میں شامل نہ ہو، ایمپلائیز کی طرف سے ملازمت پر رکھے گئے ملازمین کے علاوہ دیگر ملازم ادارے کو پندرہ سو روپے ماہانہ مقررہ شرح پر ایسی شرائط کے تحت حصہ اداکریں گے، جیسابیان کیاگیاہو۔"۔

نوٹ: ایکٹ کامذکورہ ترجمہ عام عوام کی واقفیت کے لیئے ہے، جو کورٹ میں استعمال نہیں کیا جاسکتا۔